V
SIGN
OF VICTORY

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم علیا حضرت ہز ہائینس حضور ریجنٹ صاحبہ دام اقبالہا

نمبر (۵۷)	مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۳ ذیقعدہ سنہ ۱۳۶۰ھ مطابق ۱۳ دسمبر سنہ ۱۹۴۱ء	جلد (۵۳)

حصہ دوم

احکام اجلاس عالیمرتبت منسٹرز و سکریٹریز صاحبان بہادر

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

منظوری اعلان

ایک قطعہ اعلان مشمولہ ہذا کی گزٹ ریاست میں شائع کئے جانے کی منجانب رامپور گورنمنٹ منظوری دیجاتی ہے

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔ اصل کاغذات بعد اجرائے احکام محکمہ دارالانشاء کو واپس بھیجے جائیں۔

۱۹ر ستمبر ۱۹۴۱ء — دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلان

افراد و قوم ہائے ریاست جنکو اطالوی مشرقی افریقہ سے تجارت کرنیکی اجازت دیجائیگی ہے تجارتی ضوابط کی بابت معلومات حاصل کرنا چاہیں تو انکو لازم ہے کہ پولٹیکل ہیڈکوارٹرس۔ ایسٹ افریقین کمانڈ نیروبی۔

Political Head quarters
East African. Command.
Nairobi Kenya.

سے خط و کتابت کریں۔

منظوری اعلان

اعلان مشمولہ ہذا کی گزٹ ریاست میں شائع کئے جانیکی منجانب گورنمنٹ رامپور منظوری دیجاتی ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو اور ایک نقل صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل گنجینہ میں بھیجی جائے۔ اصل کاغذات بعد اجرائے احکام محکمہ دارالانشاء کو واپس بھیجے جائیں۔

۱۹ر ستمبر ۱۹۴۱ء — دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلان

باتباع اعلان مجریہ گورنمنٹ ہند مورخہ ۱۴ر نومبر ۱۹۴۱ء گورنمنٹ رامپور حسب ذیل امور کی بابت اعلان کرتی ہے۔

(۱) یکم جون ۱۹۴۲ء سے جملہ سکہ جات اٹھنی و روپیہ جس پر ملکہ معظم ایڈورڈ ہفتم کی تصویر بنی ہوئی ہے گورنمنٹ ہند انکو واپس کریگی۔ اور

(۲) تاریخ مذکورۂ بالا پر اور اسکے بعد سکہ جات متذکرۂ بالا سوائے مقامات ذیل کے مروجہ سکہ جات شمار نہ ہونگے۔

(الف) ریزرو بنک آف انڈیا موقوعہ بمبئی۔ کلکتہ اور مدراس کے محکمۂ اجرا کنندہ کے دفاتر میں تا اعلان ثانی۔ اور

(ب) تمام خزانہ جات سرکاری یا امپریل بنک خانہ جات یا برانچ دفاتر ۳۰ر ستمبر ۱۹۴۲ء تک

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر

ہدایات بسلسلہ ترتیب بجٹ ۴۳-۱۹۴۲ء

۹ ر دسمبر ۱۹۴۱ء

ہدایات بجٹ سنہ ۴۲ و ۴۳-۱۹۴۲ء میں تجاویز جدید بعد مشورہ فائننس صیغہ جات کو بجٹ میں شامل کرنے کی غرض سے واپس کئے جانے کی بابت صیغہ فائننس سے اجراء ہوا تھا امسال تجاویز جدید پر کارروائی ضروری عمل سے کیا جانا شروع ہوا ہے۔ اسوجہ سے تجاویز جدید کو واپس نہ کیا جاسکے گا۔ بلکہ سیکشن ہی میں ان کو شامل بجٹ کر دیا جائے گا۔

۲۔ بموجب ہدایات مجریہ صیغہ جات سے بجٹ ۴۳-۱۹۴۲ء ۱۵ ر دسمبر ۱۹۴۱ء تک محکمہ فائننس میں ارسال کر دینا ضروری ہے۔ تاکہ وقت مقررہ کے اندر بجٹ مرتب ہوسکیں

لہذا۔

جملہ عالیمرتبت منسٹر صاحبان بہادر کی خدمت میں تصدیعہ دیا جائے کہ براہ کرم حسب صراحت بالا کارروائی کئے جانے کی بابت صیغہ جات کو مطلع فرما دیا جائے۔ سررشتہ صدر سے احکام جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر

اعلان

بسلسلہ اعلان مشتہرہ گزٹ ۶ ر دسمبر ۱۹۴۱ء مزید اعلان کیا جاتا ہے کہ ریاست ہذا کے نئے فیکٹریز کا گنے کی خریداری کا نرخ حسب تفصیل ذیل ہے

رضا و بلند ڈیپوز کے لئے	۶ر فی اسٹینڈرڈ من
ملک دوگن پور۔ دھمورہ۔ کمود۔ کیمپ پور۔ بگڑا کھا۔ گولڑیا۔ چمروہ۔ شیمری کیلئے	۵ر۶ر فی اسٹینڈرڈ من
شاہ آباد کے لئے	۵ر فی اسٹینڈرڈ من

لہذا حکم ہوا کہ صدر سے حکم ہذا کی نقول ہر سہ تحصیلات کو فی الفور بھیجی جائیں ایک نقل برائے اشاعت ناظم پاس اڈیٹر صاحب ناظم اخبار مرسلہ۔ اور ایک نقل بغرض طباعت گزٹ پاس سپرنٹنڈنٹ صاحب اسٹیٹ پریس مرسلہ ہو اصل واپس اجلاس کیا جائے۔ ۱۰ ر دسمبر ۱۹۴۱ء

دستخط عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر

حکم اجلاس عالی مرتبت صاحب ہوم ممبر بہادر

اعلان

محکمہ تعلیمات کو ایک استاد انگریزی کی ضرورت ہے تنخواہ ۱۵ لغایت ۲۰ دی جائیگی۔ درخواستیں مع نقول اسناد ۲۰ دسمبر ۱۹۴۱ء تک دفتر صاحب سکریٹری بہادر تعلیمات میں آجانا چاہئیں تجربہ کار کو ترجیح دیجائیگی

۱۱ دسمبر ۱۹۴۱ء

دستخط عالی مرتبت صاحب ہوم ممبر بہادر

حکم اجلاس عالی مرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

ہدایات تجدید لائسنس وغیرہ

جن موٹروں کا رجسٹریشن ۳۱ دسمبر ۱۹۴۱ء کو ختم ہوتا ہے۔ ازاں بعد ۱۰ یوم کی مہلت دیجاتی ہے جس کے بعد اس موٹر گاڑی کے چلانے سے جسکی رجسٹریشن میعاد ختم ہو گئی ہو رامپور موٹر وہیکلس ایکٹ کی خلاف ورزی ہو گی۔ چیکنگ ۱۰ جنوری ۱۹۴۲ء کے بعد ہوگا۔ اسلئے مالک صاحبان موٹر سے درخواست کیجاتی ہے کہ وہ تاریخ مندرجہ بالا سے قبل تجدید رجسٹری کرالیں۔ اور رجسٹریشن سرٹیفکٹ و ٹوکن ڈیز ڈرائیونگ لائسنس اپنے پاس موٹر میں رکھیں۔

دستخط عالی مرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

NOTICE.

It is hereby notified that, under the provisions of Rule 6 of the Essential Drugs (Census) order 1941, Rampur State, published in Rampur State Gazette dated 6th December 1941. Dr. Shaukat Ullah Khan M. B., B. S. has been authorised by the undersigned to check the stocks and accounts of the notified Essential Drugs, in Rampur City, Mill areas and Military Hospital.

Monthly statements must reach this office not later than the 23rd of every month.

(*Sd.*) **M. J. QURAISHI,**
COLONEL,
Chief Medical Officer
RAMPUR STATE.

Copy to

Dr. Shaukat Ullah Khan.

State Gazette.

Urdu Translation to 'Nazim'

Dated 8th December 1941.

فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور

نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور من ابتدا ۵ دسمبر ۱۹۳۱ء لغایۃ ۱۱ دسمبر ۱۹۳۱ء بغرض اشاعت گزٹ بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ اسٹیٹ پریس مرسل ہو۔ مورخہ ۱۲ دسمبر ۱۹۳۱ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۵ دسمبر ۱۹۳۱ء	جمعہ	تعطیل جمعہ	.	.	.
۶ 〃	شنبہ	عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر	سردار محمد خاں بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۳۰۷ تعزیرات رامپور	نگرانی ہذا نامنظور ہو کر خارج ہو۔
〃	〃	عالیمرتبت مسٹر جسٹس چودھری شرف الزمان صاحب بہادر	محمد اسمٰعیل بنام محمد حسین	اپیل اول دیوانی	بحث سماعت ہوئی مثل زیر تجویز رہے
〃	〃	〃	احمد بنام [illegible] سنگھ	〃	ایضاً
〃	〃	〃	راجہ [illegible] بنام [illegible]	〃	ایضاً
۸ 〃	یکشنبہ	〃	مرلی لال بنام [illegible]	اپیل اول دیوانی	بحث سماعت ہوئی مثل زیر تجویز رہے
〃	〃	عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر و عالیمرتبت مسٹر جسٹس حسین [illegible] صاحب بہادر انصاری	سلطان جہاں بیگم بنام مبارک جلیل	اپیل دویم دیوانی۔	ایضاً
۹ دسمبر ۱۹۳۱ء	دوشنبہ	عالیمرتبت مسٹر جسٹس [illegible] صاحب بہادر چیف جسٹس و عالیمرتبت مسٹر جسٹس چودھری شرف الزمان صاحب	برجموہن لال بنام درگا چرن وغیرہ	نگرانی فوجداری [illegible] تعزیرات رامپور	نگرانی ہذا خارج ہو
۹ 〃	〃	عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر	عبدالرشید خاں بنام مسماۃ عزیز النساء بیگم	نگرانی فوجداری	نگرانی عبدالرشید خاں سائل جزواً منظور ہو اور جزواً نامنظور ہو مسماۃ عزیز النساء بیگم زوجہ متعلقہ کو ۲۰ دسمبر ۱۹۳۱ء سے تاریخ ادخال استغاثہ سے ۲ مارچ ۱۹۳۱ء تک سالگرہ [illegible] کے حساب سے عبدالرشید خاں سائل سے دلائے جائیں [illegible] طفل کو دلائے جائیں [illegible]
〃	〃	عالیمرتبت مسٹر جسٹس چودھری شرف الزمان صاحب بہادر	شب لال وغیرہ بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۶۴ [illegible] ۳۶۶ تعزیرات رامپور	بحث سماعت ہوئی بقیہ بحث کیلئے ۱۱ دسمبر ۱۹۳۱ء پیش ہو۔
〃	〃	عالیمرتبت مسٹر جسٹس حسین [illegible] صاحب بہادر انصاری	سرکار بہادر بنام دیب سنگھ وغیرہ	سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور ۳۲۶	آج ایک گواہ ثبوت کا بیان قلمبند ہو کر ثبوت ختم ہوا۔ استغاثہ ملزمان لئے گئے اور پانچ گواہان صفائی کے بیان قلمبند ہوئے بقیہ صفائی کے لئے ۹ دسمبر ۱۹۳۱ء پیش ہو۔
۱۰ 〃	چہارشنبہ	تعطیل سالگرہ علیا حضرت ہر ہائنس بیگم صاحبہ دام اقبالہا			
۱۱ 〃	پنجشنبہ	عالی مرتبت مسٹر جسٹس چودھری شرف الزمان صاحب بہادر	بانکے لال وغیرہ بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۲۳۳ و ۲۹۶ و ۲۵۴ و ۱۴۸ تعزیرات رامپور	سکھ لال عرف [illegible] وغیرہ ملزمان بری ہوں۔ کلیان کی سزائے تحت دفعہ ۱۴۸ تعزیرات رامپور منسوخ ہو اور اسکی سزا [illegible] تحت دفعہ ۳۲۳ تعزیرات رامپور و دیگر سزا کے بعد شمار شروع ہو۔ اسطرح بجائے چھ سال کلیان ملزم اپیلانٹ کا ساڑھے تین سال قید سخت برداشت کرے۔ بقیہ ملزمان اپیلانٹ بجائے پانچ سال کے تین سال قید سخت برداشت کریں۔
〃	〃	عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر	سرکار بہادر بنام [illegible] علی خاں وغیرہ	اپیل مقدمہ کارروائی [illegible] قانون توہین عدالت	ملزمان جرم توہین عدالت سے بوجہ کر دینے معافی بری ہوئے
〃	〃	〃	محمد احسان خاں بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری بجرم دفعہ ۳۲۳ تعزیرات رامپور	وکیل ملزم سائل اور صاحب سرکار کی بحث سماعت ہوئی درخواست راضی نامہ شامل مسل رہے نقل [illegible] کی پیشی کے لئے ۲۳ دسمبر ۱۹۳۱ء مقرر ہو۔
〃	〃	عالی مرتبت مسٹر جسٹس چودھری شرف الزمان صاحب بہادر	شب لال وغیرہ بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۶۶ [illegible] تعزیرات رامپور	اپیل نامنظور ہو۔

حکم اجلاس صاحب ڈپٹی ریونیو منسٹر دربار

حکم

اسسٹنٹ منیجران و نائب تحصیلداران کا ڈیپارٹمنٹل امتحان ۲۹ اکتوبر ۱۹۴۱ء کو ہوا تھا جسمیں مندرجہ تحت اہلکاران شامل ہوئے تھے۔

۱۔ منشی سید علی۔ نائب تحصیلدار بلاسپور
۲۔ منشی محمود علیخاں۔ اسسٹنٹ منیجر تحصیل ٹانڈہ
۳۔ منشی عبدالماجد خاں اسسٹنٹ منیجر تحصیل شاہ آباد

۲۔ منشی سید علی سروے کا پرچہ نہیں کرسکے بقیہ تمام مضامین میں پاس ہیں۔ سروے کا امتحان ماہ جنوری ۱۹۴۲ء کے تیسرے ہفتہ میں لیا جائیگا۔ گھوڑے کی سواری میں بھی کمزور ہیں۔ اون سے کہدیا گیا ہے وہ اور مشق کریں کسی روز ہم پھر ملاحظہ کرینگے۔

۳۔ منشی محمود علیخاں تمام مضامین میں پاس ہیں صرف سواری اسپ میں کسی قدر کمزور ہیں اونکو مشق کرنا چاہیئے۔ ہم کسی روز پھر ملاحظہ کرینگے۔

۴۔ منشی عبدالماجد خاں بھی تمام مضامین میں پاس ہوگئے ہیں۔ اسپ کی سواری کا امتحان انکا پہلے ہوچکا ہے۔ اسلئے اب نہیں لیا گیا

سررشتہ صدر سے نقل بغرض اشاعت گزٹ سپرنٹنڈنٹ صاحب مطبع کی خدمت میں بھیجی جاتی [illegible]۔ ۱۰ دسمبر ۱۹۴۱ء
دستخط صاحب ڈپٹی ریونیو منسٹر دربار

حکم اجلاس صاحب ڈائرکٹر دربار زراعت

اعلان

۳ دسمبر ۱۹۴۱ء

ریاست میں ایک کیٹل بریڈنگ اور ڈیری فارم کھولنا زیر تجویز ہے جسکے واسطے ایک سپرنٹنڈنٹ کی خدمات درکار ہونگی۔ امیدوار کیٹل بریڈنگ اور ڈیری کے فن سے واقف ہوں اور کسی گورنمنٹ یا پرائیویٹ فارم پر کم از کم دس سال کام کرنے کا تجربہ رکھتے ہوں تنخواہ چالیس روپیہ سے پچاس روپیہ ماہوار تک حسب استعداد دیجائیگی۔ انتخاب بعد انٹرویو ہوگا۔ رامپوری امیدوار کو ترجیح دیجائے گی۔

درخواستیں مع مصدقہ نقول اسناد ۱۵ دسمبر ۱۹۴۱ء تک دفتر صاحب ڈائرکٹر بہادر زراعت میں پہنچ جانی چاہیں۔ مقررہ تاریخ کے بعد وصول شدہ درخواستوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔

ڈائرکٹر زراعت

حکم سول جج صاحب

حکم

۱۰ر دسمبر سنہ ۱۹۲۱ء

نمبر مثل ۵ منفصلہ ۱۰ر دسمبر سنہ ۱۹۲۱ء

چینا ولد میا کی قوم چمار پیشہ کاشتکاری ساکن موضع نوگنواں علاقہ قدیم تحصیل حضور۔ دیوالیہ سائل

بنام

کامتا پرشاد دوکاندار بازار صرافہ رامپور وعارف ترک ساکن موضع دبکا علاقہ قدیم تحصیل حضور و رضا شوگر کمپنی رامپور و رفیق النبی ولد حبیب النبی اہلمد عدالت العالیہ ہائیکورٹ رامپور فریق ثانیان۔

درخواست ڈسچارج

حکم ہوا کہ

درخواست سائل منظور ہے سائل کو جملہ دیون سے بری کیا جاتا ہے۔ اعلان سائل کے صرفہ سے درج گزٹ سرکاری کیا جائے

دستخط سول جج صاحب

حکم سپرنٹنڈنٹ صاحب جیل

اعلان

تقریباً ۱۵ بیگہ آراضی میں کاشت نیشکر مزرعہ جیل پر تیار ہے بتاریخ ۲۷ر دسمبر سنہ ۱۹۲۱ء روز ہفتہ بوقت ۹ بجے دن موجودہ کاشت نیشکر بموجب شرائط جیل نیلام کیا جائے گا جن صاحبان کو نیشکر خریدنا منظور ہو وہ تاریخ و وقت مقررہ پر دفتر جیل پر آکر جلسہ عام میں بولی بول کر خرید کر سکتے ہیں۔ ۱۰ر دسمبر سنہ ۱۹۲۱ء

دستخط سپرنٹنڈنٹ صاحب جیل

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور بابتہ ہفتہ دوئم ماہ دسمبر ۱۹۴۱ء عیسوی

نام اجناس	حضور تحصیل	تحصیل ملک	تحصیل شاہ آباد	تحصیل بلاسپور	تحصیل سوار	تحصیل ٹانڈہ
گندم	بار		۶ بار	۶ بار	۷ بار	
نخود خالص			۸ بار	۸ بار	۹ بار	
نخود [illegible]			۹ بار	۹ بار	۹ بار	
جو			۱۰ بار	۱۰ بار	۱۰ بار	
ماش	۵ بار		۶۰ بار	۵ بار	۶ بار	
مونگ	۶ بار		۵ بار	۵ بار	۵ بار	
[illegible]	۹ بار - ۹ بار		۹ بار	۸ بار	۹ بار	
[illegible]	۱۱ بار		۰	۱۲ بار	۱۳ بار	
[illegible]	۱۲ بار		۰	۱۱ بار	۱۲ بار	
عدس	۶ بار		۹ بار	۷ بار	۹ بار	
ارہر	۹ بار - ۹ ۱۰ بار		۹ بار	۷ بار	۱۰ بار	
برنج	۲ بار ۲ بار		۴ بار	۴ بار	۵ بار	
روغن زرد	۱۱۱ بار		۱۰ چھٹانک	۱۱۱ بار	[illegible] بار	
روغن [illegible]	۱ بار		۳ بار	۲ بار	۳ بار	
روغن [illegible]	۳۰ بار		۳۰ بار	۳۰ بار	۳۰ بار	
نمک سانبھر	نمک ۱۰ بار		۱۱ بار	۱۰ بار ۱۱ بار	۹ بار	
نمک لاہوری	۵ بار		۱۰ بار	۹ بار	۶ بار	
قند سیاہ	۶۰ بار		۱۱۵ بار	۸ بار	۸ بار	
باجرہ	۵۰ بار		۹ بار	۹ بار	۰	

نقشہ موسمی حالات جو روزانہ صبح ۸ بجے پوٹریہ سیڈ اسٹور پر نوٹ کئے گئے

تاریخ	سمت ہوا	بیرومیٹر	بارش: گذشتہ ۲۴ گھنٹوں میں	بارش: از ۱ اکتوبر	بارش: از یکم جنوری	درجہ حرارت: ۸ بجے صبح	درجہ حرارت: کم سے کم ۲۴ گھنٹوں میں	درجہ حرارت: زیادہ سے زیادہ ۲۴ گھنٹوں میں	ہوا میں رطوبت کا اوسط	موسمی حالت
۸ دسمبر	شمال مشرقی	۲۹.۰۰	کچھ نہیں	کچھ نہیں	۲۵.۸۰	۴۴ درجہ	۴۲ درجہ	۶۷ درجہ	۳۴ فیصدی	آسمان صاف رہا
۹ "	شمال	۲۹.۳۰	"	"	۲۵.۸۰	۵۶	۴۸	۶۶	۴۱	" " "
۱۰ "	شمال مغرب	۲۹.۰۰	"	"	۲۵.۸۰	۵۸	۴۴	۶۶	۶۷	" " "
۱۱ "	"	۲۹.۰۰	"	"	۲۵.۸۰	۵۹	۴۴	۸۰	۸۸	" " "
۱۲ "	"	۲۹.۰۰	"	"	۲۵.۸۰	۵۸	۴۴	۶۹	۶۷	" " "
۱۳ "	شمال مشرق	۲۹.۰۰	۰.۰۳	۰.۰۳	۲۵.۸۰	۴۴	۴۳	۸۰	۷۷	آسمان ابر آلود رہا اور تیز ہوا چلتی رہی
۱۴ "	شمال مغرب	۲۹.۳۰	۰.۰۳	۰.۰۳	۲۵.۸۳	۴۵	۴۴	۶۸	۶۹	" " " "

ہفتہ وار رپورٹ امراض وبائی (آمدہ از محکمہ حفظان صحت) لغایتہ ۲۹ نومبر ۱۹۴۱ء

مقام	مرض	مبتلائی	اموات	کیفیت
رامپور اسٹیٹ	ہیضہ	×	×	
"	طاعون	×	×	
"	چیچک	×	×	

ہفتہ وار رپورٹ امراض وبائی (آمدہ از محکمہ حفظان صحت) لغایتہ ۶ دسمبر ۱۹۴۱ء

رامپور اسٹیٹ	پلیگ	×	×	
"	چیچک	×	×	
	ہیضہ	×	×	

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)